## الطاف حسین کا مخدوم امین فہیم سے ٹیلی فون پر رابطہ

## بے نظیر بھٹو کی شہادت سے پاکستان کی سیاست میں پیدا ہونے والا خلاء کبھی پر نہیں ہو سکے گا، الطاف حسین

## غم کی اس گھڑی میں آپ اور آپ کی جماعت کی جانب سے ہمدردی کا اظہار حوصلہ افزاء ہے، مخدوم امین فہیم

لندن۔۔۔۔29 دسمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پیپلز پارٹی کے سینئر وائس چیئر مین مخدوم امین فہیم سے ٹیلی فون پر رابطہ کر کے محترمہ بے نظیر بھٹو کی شہادت پر دلی تعزیت کی اور محترمہ کی شہادت کو قومی سانحہ قرار دیا۔ ہفتہ کے روز جناب الطاف حسین نے لندن سے ٹیلی فون کر کے مخدوم امین فہیم سے ٹیلی فون پر تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ محترمہ بے نظیر بھٹو کی شہادت قومی سانحہ ہے اور محترمہ کی شہادت سے پاکستان کی سیاست میں پیدا ہونے والا خلاء کبھی پر نہیں ہو سکے گا۔ انہوں نے کہا کہ محترمہ بے نظیر بھٹو شہید ،سندھ کی بیٹی تھیں اور اس ناتے ہماری بہن اور بیٹی بھی تھیں لہٰذا ہم اچھی طرح سمجھ سکتے ہیں کہ محترمہ کی شہادت سے ملک کا کتنا بڑا نقصان ہو گیا ہے۔ جناب الطاف حسین نے مخدوم امین فہیم سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ محترمہ کی شہادت سے مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان محترمہ بے نظیر بھٹو شہید کے شوہر آصف علی زرداری، بچوں، دیگر لواحقین، پیپلز پارٹی کے تمام رہنماؤں، کارکنوں اور ہمدردوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ محترمہ بے نظیر بھٹو شہید کی مغفرت فرمائے، انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور سوگوار خاندان سمیت پیپلز پارٹی کے رہنماؤں، کارکنوں اور ہمدردوں کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین) مخدوم امین فہیم نے جناب الطاف حسین گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ دکھ اور غم کی اس گھڑی میں آپ اور آپ کی جماعت کی جانب سے ہمدردی کا اظہار ہمارے دکھ اور غم کو برداشت کرنے میں معاون ثابت ہوگا۔

## سندھ میں جن بے گناہ شہریوں کی جان و مال اور املاک کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا ہے ان تمام متاثرہ افراد کو فی الفور معاوضہ دیا جائے۔ متحدہ قومی موومنٹ

## ہنگامی بنیادوں پر شکایتی مرکزی سیل قائم کیا جائے جہاں متاثرین اپنے نقصانات کی تفصیلات کا اندراج کرواسکیں

## سندھ کے معصوم عوام کو مسلح افراد کی دہشت گردیوں سے محفوظ رکھنے کیلئے حکومت حفاظتی انتظامات کرے

## ایم کیو ایم کو بے گناہ شہریوں کے جاں بحق و زخمی ہونے اور معصوم افراد کی املاک کو نقصان پہنچائے جانے پر شدید دکھ ہے

کراچی۔۔۔۔29 دسمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے صوبہ سندھ کی حکومت اور وفاقی حکومت سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ صوبہ سندھ میں گزشتہ تین روز کے دوران مسلح افراد نے جن بے گناہ شہریوں کی گاڑیوں، دکانوں، مکانوں، کارخانوں، فیکٹریوں، پیٹرول پمپوں اور دیگر املاک کو جلایا ہے، لوٹ مار کی ہے اور ناقابل تلافی نقصان پہنچایا ہے ان تمام متاثرہ افراد کو فی الفور معاوضہ دیا جائے اور جو معصوم لوگ مسلح افراد کی فائرنگ اور پرتشدد کارروائیوں کے سبب جاں بحق ہوئے ہیں انکے لواحقین کو اور جو زخمی ہوئے انکے علاج معالجہ کا بھی معاوضہ دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ جس طرح پنجاب حکومت نے ان افراد کو معاوضہ دینے کا اعلان کیا ہے جنکی املاک کو مسلح افراد کی پرتشدد کارروائیوں کے نتیجے میں نقصان پہنچا ہے یا جو افراد جاں بحق یا زخمی ہوئے ہیں اسی طرح سندھ کے ہزاروں متاثرین کو بھی حکومت معاوضہ ادا کرے۔ رابطہ کمیٹی نے یہ بھی مطالبہ کیا کہ حکومت کی جانب سے ایک شکایتی مرکزی سیل ہنگامی بنیادوں پر فی الفور قائم کیا جائے جہاں متاثرین اپنے نقصانات کی تفصیلات کا اندراج کرواسکیں۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کے ایک ایک کارکن کو بے گناہ شہریوں کے جاں بحق و زخمی ہونے اور معصوم افراد کی املاک کو نقصان پہنچائے جانے پر شدید دکھ ہے اور ہم تمام متاثرہ افراد اور متاثرہ خاندانوں سے ہمدردی کا اظہار کرتے ہیں۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ سندھ کے معصوم عوام کو مسلح افراد کی دہشت گردیوں سے محفوظ رکھنے کیلئے حکومت سائنٹفک بنیادوں پر حفاظتی انتظامات کرے تاکہ شہری سکون و اطمینان کا سانس لے سکیں۔ رابطہ کمیٹی نے مزید کہا کہ بہت سے علاقوں میں مسلح افراد کی پرتشدد کارروائیوں کی وجہ سے ایسی صورتحال پیدا ہوگئی ہے کہ وہاں کے عوام کھانے پینے کی اشیاء خریدنے سے بھی محروم ہیں اور ہزاروں خاندان فاقہ کشی کی زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔ لہٰذا حکومت ایسے علاقوں میں غذائی اجناس پہنچانے کا فوری انتظام کرے۔

## یم کیوایم کے رہنماڈاکٹر فاروق ستار کی مخدوم امین فہیم سے فون پر تعزیت

## ایم کیوایم کے تمام کارکنان اور ہمدردعوام محترمہ بینظیر بھٹو کے شوہر، بچوں، پیپلز پارٹی کے تمام رہنماؤں، کارکنوں اور ہمدردوں کے دکھ میں شامل ہیں۔ڈاکٹر فاروق ستار

## دکھ کی اس گھڑی میں ساتھ دینے پر مخدوم امین فہیم کا ایم کیوایم سے اظہار تشکر

کراچی۔۔۔29دسمبر2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینزڈاکٹر فاروق ستار نے پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر وائس چیئرمین مخدوم امین فہیم سے ٹیلیفون پر رابطہ کر کے محترمہ بینظیر بھٹو کی المناک شہادت پر گہرے رنج وغم اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ہفتے کو ٹیلی فون پر گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر فاروق ستار نے اپنی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے محترمہ بینظیر بھٹو کی شہادت پر مخدوم امین فہیم سمیت پیپلز پارٹی کی پوری قیادت سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا اور کہا کہ محترمہ کی شہادت بلاشبہ ایک قومی سانحہ ہے جس پر پوری قوم سوگوار ہے اور متحدہ قومی موومنٹ کے تمام رہنما، کارکنان اور ہمدردعوام محترمہ بینظیر بھٹو کے شوہر آصف علی زرداری، بچوں بلاول، بختاور اور آصفہ، پیپلز پارٹی کے تمام رہنماؤں، کارکنوں اور ہمدردوں کے دکھ میں شامل ہیں اور غمزدہ ہیں۔انہوں نے دہشت گردی کے واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کی اور سانحہ میں ملوث دہشت گردوں کی فوری گرفتاری کا مطالبہ کرتے ہوئے محترمہ کے بلند درجات اور سوگواروں کے صبر جمیل کیلئے دعائیں کیں۔اس موقع پر مخدوم امین فہیم نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین، ڈاکٹر فاروق ستار اور ایم کیوایم کی جانب سے دکھ کی اس گھڑی میں ساتھ دینے پر کا شکریہ ادا کیا۔

☆☆☆☆☆